Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

جون 2019

ضابطئہ انضباط میں تبدیلیوں کا جائزہ
کنڈرگارٹن سے گریڈ 5 اور 12-6 کے لیے

نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (NYCDOE) ہمارے اسکولوں کوتما طلبا کے لیے محفوظ، حفاظتی، اور معاونتی تعلیمی ماحول کو یقینی بنانے کےلیے پر عزم ہے۔ اسکول کی برادری کے تمام ممبران — اساتذہ، طلبا، منتظمین، والدین، مشیران، سماجی کارکنان، حفاظتی عملہ، متعلقہ خدمت فراہم کنندگان، کیفیٹریا، عمارت کے نگران اور بس کے عملہ کے — ایک دوسرے سے باہمی احترام سے پیش آنے کی ذمہ داری ہے۔

اس دستاویز کا مقصد کنڈرگارٹن سے گریڈ 5 اور 12-6 کے ضابطئہ انضباط میں مجوزہ تبدیلیوں کا جائزہ فراہم کرنا ہے۔ یہ تبدیلیاں NYCDOE کو تعلیمی سال 19-2018 کے دوران موصول ہونے والے تبصروں کا انضمام ہے۔ اس موسم گرما میں، NYCDOE، طلبا، عملے اور کمیونٹی ممبران کے ساتھ مل کر مجوزہ تبدیلیوں پر اضافی تبصرے حاصل کرنے پر مزید کام کرتا رہے گا۔ مجوزہ ترامیم کی مزید تفصیلات آنے والے ہفتوں میں شائع کر دی جائیں گی۔

NYCDOE محفوظ اور معاونتی اسکول کمیونٹی پر زور دیتا ہے، کیونکہ جب ہم معطلیوں پر انحصار کرنے کے بجائےطلبا کو کلاس روم میں رکھتے ہیں، وہ تعلیم میں کامیاب ہوتے ہیں۔ فی الحال ضابطئہ انضباط کے تحت مہتمم معطلی کے نتیجے کے طور پر کنڈرگارٹن سے گریڈ 5 تک کے طالب علم کو ایک تعلیمی سال تک اس کے اسکول سے خارج کر کے ایک متبادل تعلیمی مقام یا گریڈز 12-6 کے طلبا کو اسکی عمر اور طرز عمل کو مد نظر رکھتے ہوئے ایک متبادل تعلیمی مرکز بھیجا جا سکتا ہے۔ 18-2017 کے تعلیمی سال کے دوران، مہتمم کی معطلی کی مدت اوسطاً 18.7 اسکول دن تھی۔ البتہ تحقیق یہ ثابت نہیں کرتی کہ معطلی کا دورانیہ اور بعد از طرز عمل میں مثبت تبدیلی کے درمیان کوئی مضبوط تعلق ہے۔ گو کہ متبادل مقامات اور ALCs مکمل تعلیمی منصوبہ بندی کا پروگرام دیتی ہیں مگر کیونکہ طلبا کو اپنے معمول کے اسکول کی جگہ سے ایک مختلف مقام پر جانا ہوتا ہے، اس سے تدریسی عمل میں خلل واقع ہوتا ہے۔ یہ تبدیلیاں طلبا کو اپنے کلاس روم میں رکھنے اور معطلی کی وجہ سے تدریس میں خلل کو کم سے کم کرنے پر زور دیں گی۔

اساتذہ اور اسکول کمیونٹیوں کو ان تبدیلیوں کے ذریعے مدد ملے گی۔ NYCDOE تمام الیمینٹری اسکولوں کو نیشنل یونیورسٹی سسٹم سین فورڈ ہارمونی پروگرام کے ساتھ مل کر سماجی - جذباتی تعلیمی (SEL) نصاب تک رسائی فراہم کرے گا۔ اس کے علاوہ، ہم بتدریج انصاف کی بحالی کے طریقوں کو تمام مڈل اور ہائی اسکولوں میں متعارف کرائیں گے، جس میں طلبا کو اپنے جذبات، تنازعہ پر قابو پانے اور تعلقات کو بحال کرنے کے طریقے بتائے جائیں گے۔ یہ یقنی بنانے کے لیے کہ طبلبا کے طرز عمل سے اس انداز میں نمٹنے کے لیے جو طلبا کو اپنی غلطیوں سے سیکھنے اور اپنے طرز عمل کے لیے جوابدہ ہونے کے قابل بنائے اساتذہ اور اسکول کے قائدین وسیع معانت موصول کریں گے۔

T&I-28971 Proposed Discipline Code Changes (Urdu)

مجوزہ تبدیلیوں کا خلاصہ

مجوزہ تبدیلیاں یہ ہونگی:

1. انضباطی اقدامات، مدد اور مداخلتوں میں مزید انتخاب کی فراہمی۔

a. بحالی کے طریقوں میں دائرہ میں دوبارہ داخلی (Re-entry Circle) کی شمولیت۔ دائرہ میں دوبارہ داخلے کے عمل کو اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ واپس آنے والے طلبا کا اسکول کمیونٹی میں رسمی طور پر استقبال کیا جائے اور ایک معاون نظام تشکیل کیا جائے۔

b. انفرادی معاونتی منصوبہ (ISP) کا اضافہ کرنا جو ایک مداخلت ہے جسے خراب طرز عمل، بشمول غنڈا گردی، ڈرانا اور دھمکانے جیسے طرز عمل کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

c. انضباطی اقدامات کے دائرہ کو وسیع کرنا تاکہ چند طرز عمل کی خلاف ورزیوں کے کوڈز میں تھوڑے کم سخت اقدامات کو شامل کیا جا سکے۔

2. معطلی کی وجہ سے کم سے کم تعلیمی تدریس میں خلل۔ مہتمم کی معطلی یا پرنسپل کی معطلی کے نتیجے میں طلبا کو انکے اسکولوں سے توسیعی مدت تک دور رکھنے سے انکی تعلیم میں خلل واقع ہوتا ہے۔

انضباطی کوڈ انضباطی اقدامات کا تقاضہ کرتے ہیں جو اسکول کی ضروریات کی عکاسی کرتے ہیں، طلبا کو طرز عمل کی توقعات میں ذمہ دار قرار دیتے ہیں، دوران تدریس خلل کو کم سے کم کرتے ہیں اور محفوظ ماحول کی ترویج میں اسکول کے عملے کی مدد کرتے ہیں۔ لہذا، مہتمم کی معطلی 20 اسکول دنوں سے نہیں بڑھے گی ماسوائے ایسی صورت حال میں جس میں سنگین یا تشدد آمیز واقعات ہوں، یا جو قانون کو مطلوب ہوں۔

توسیعی معطلی کے منصفانہ نفاذ کو یقینی بنانے کے لیے، کسی بھی 20 دن سے زائد توسیع کے لیے دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی کے سینئر انتظامی ڈائریکٹر یا دیگر چانسلر کے نامزد کردہ سے لازمی منظوری لینا ہو گی۔

3. انضناطی کوڈ کو NYCDOE کی پالیسی سے ہم آہنگ کرنا۔ طلبا کے حقوق اور ذمہ داریوں کا مسودہ میں ترمیم تاکہ طلبا کو اپنے نام اور عرفیت جو اس کی جنس کی شناخت سے مطابقت رکھتا ہو اور اپنی جنسی شناخت کے مطابق بیت الخلاء کا استعمال کے معاملات کی شمولیت کے معاملاتدیکھا جائے۔

4. غنداگردی کی معلومات کی تجدید۔

a. کوڈ وضاحت کریگا کہ غنڈا گردی کے لیے طرز عمل کا دہرانا ضروری نہیں۔

b. والدین اور طلبا کی جانب سے غنداگردی کی اطلاع کس طرح کی جائے کے بارے میں مزید معلومات کا اضافہ۔

5. دیگر اہم تبدیلیاں کرنا۔

طلبا کی عزت و احترام اور ذمہ دارانہ طرز عمل محفوظ اور معاون اسکولوں کے لیے اہم ہیں:

a. بچوں کی ضروریات کی تکمیل ہمہ کار انداز میں کرنے کے ہدف کو شامل کرنے کے لیے نصب العین کے بیان میں ترمیم کرنا۔

b. انضباطی کوڈ میں طلبا کے حقوق اور ذمہ داریوں کے مسودے کو موجودہ آخری حصے سے نکال کر اس سے پہلے کے حصے میں ڈالا جائے۔